# 21009 ـ جماعت سے كوئى ركعت پیچھے رہ جانے والے شخص كى امامت میں نماز ادا كرنا

**سوال**

جو شخص دير سے آكر جماعت ميں ملے اور ايك يا دو ركعت امام كے ساتھ ادا نہ كر سكے پھر امام كے سلام پھيرنے كے بعد اپنى نماز مكمل كر رہا ہو تو كيا بعد ميں آنے والا شخص اس كى امامت ميں نماز ادا كرسكتا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جى ہاں بعد ميں آنے والا شخص اور جس كى نماز رہ گئى ہو وہ پہلے امام كے ساتھ ملنے والے شخص كى فوت شدہ ركعات ميں مل كر اس كى امامت ميں نماز ادا كر سكتا ہے، اس كے ليےامام كو امامت كى نيت كرنا لازم نہيں.

واللہ اعلم .